# 33واں سالانہ اجلاس عام کی اطلاع

بذریعہ ہذا اطلاع دی جاتی ہے کہ انٹرلوپ لمیٹڈ ( " کمپنی" ) کا33 واں سالانہ اجلاس عام(AGM) بروز جمعہ، 10 اکتوبر ، 2025 کو صبح 10:00 بجے انٹرلوپ ایگزیکٹیو کلب، انٹرلوپ انڈسٹریل پارک واقع 7-KM کھڑیانوالہ - جڑانوالہ روڈ، کھڑیانوالہ، فیصل آباد میں منعقد ہوگا، جس میں درج ذیل کارروائی نمٹائی جائے گی۔

| ممبرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ AGM میں ویڈیو لنک سہولت کے ذریعے شرکت کریں جس کا کمپنی کی طرف سے انتظام کیا گیا ہے ( تفصیلات کے لیے گزارشات کا سیکشن دیکھئے ) |
|---|

## عمومی اُمور:

1. کمپنی کے 24 اکتوبر، 2024 کو منعقد ہونے والے گزشتہ سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی کی توثیق کرنا۔
2. 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے سالانہ آڈٹ شدہ گوشواروں کی وصولی، غور وخوض اور منظوری دینا اور اس کے ساتھ اس بارے میں آڈیٹرز اور ڈائریکٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 223 کے مطابق اور 2023(I)S.R.O 389 مورخہ 21 مارچ، 2023 کی رو سے سالانہ آڈٹ شدہ مالی گوشواروں کی رپورٹس تک مندرجہ ذیل لنک اور QR حامل کوڈ کے ذریعے رسائی حاصل کی جاسکتی ہے۔

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

3. 30 جون، 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے -/1 روپے فی شیئر کی شرح سے یعنی 10% حتمی منافع منقسمہ کا اعلان کرنا اور منظوری دینا، جیسا کہ ڈائریکٹر صاحبان کی طرف سے تجویز کی گئی ہے۔
4. مالی سال 26-2025 کے لیے آڈیٹرز کا تقرر اور ان کا معاوضہ طے کرنا۔ ممبرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ بورڈ آف ڈائریکٹرز نے کمپنی کی بورڈ آڈٹ کمیٹی کی سفارش پر، سبکدوش ہونے والے آڈیٹرز میسرز کریسٹن حیدر بھیم جی اینڈ کمپنی، چارٹرڈ اکاؤنٹینٹس کو دوبارہ کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے مقرر کرنے کی سفارش کی ہے۔

## دیگر اُمور:

5. صاحب صدر کی اجازت سے کوئی دوسری کارروائی نمٹانا۔

بحکم بورڈ

(رانا علی رضا)
کمپنی سیکریٹری

بمقام: فیصل آباد
مورخہ: 18 ستمبر، 2025

## گزارشات:

### 1. شیئر ٹرانسفر بکس کی بندش:

کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس 03 اکتوبر، 2025 سے 10 اکتوبر، 2025 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی۔ منتقلی کی جو گزارشات تجویز کردہ فارمیٹ پر 02 اکتوبر، 2025 کو کاروباری اوقات بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B ، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کے دفتر میں موصول ہو جائیں گی، وہ ٹرانسفریز کے مذکورہ بالا اور/یا سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے استحقاق کے لیے بروقت سمجھی جائیں گی۔

### 2. سالانہ اجلاس عام (AGM) کی کارروائی میں ورچوئل شرکت

AGM میں ورچوئل شرکت میں دلچسپی رکھنے والے شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ aliraza.rana@interloop.com.pk یا general.meetings@interloop.com.pk پر ای میل کے ذریعے مندرجہ ذیل معلومات فراہم کرتے ہوئے خود کو کمپنی کے پاس رجسٹرڈ کروائیں۔

| شیئر ہولڈر کا نام | شناختی کارڈ نمبر | فولیو نمبر/سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی تعداد | رابطہ نمبر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|---|

آن لائن اجلاس کا لنک اور لاگ اِن کریڈنشلز صرف اُن ممبرز کے ساتھ شیئرز کیے جائیں گے جن کے مطلوبہ کوائف پر مشتمل ای میلز، جمعرات 09 اکتوبر، 2025 کو کاروبار بند ہونے تک دیئے گئے ای میل ایڈریس پر موصول ہو جائیں گی۔ لاگ اِن سہولت 10 اکتوبر، 2025 کو صبح 9:30 بجے سے اجلاس شروع ہونے تک کھلی رہے گی۔

### 3. سالانہ اجلاس عام کے نوٹس اور سالانہ رپورٹ 2025 کی الیکٹرانک طریقے سے ترسیل:

کمپنی نے ایکٹ کے سیکشن 223(6) آف دی ایکٹ کے تحت اور 2025/ (I) S.R.O.452 مورخہ 17 مارچ 2025 جو کہ ایس ای سی پی نے جاری کیا ہے، کی تعمیل میں کمپنی نے سالانہ عام اجلاس (AGM) کا نوٹس اور سالانہ رپورٹ 2025 اپنے ان حصص یافتگان کو ای میل کے ذریعے الیکٹرانک طور پر ارسال کی ہے جن کے ای میل پتے کمپنی کے شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس دستیاب ہیں۔ مزید یہ کہ AGM کے طباعتی نوٹس، جن میں سالانہ رپورٹ ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے ویب لنک اور QR فعال کوڈ شامل کیا گیا ہے، 2023/(I) S.R.O.389 مورخہ 21 مارچ 2023 کے تحت بھی ارسال کر دیے گئے ہیں۔ کمپنی کے مالیاتی گوشوارے برائے سال ختم شدہ 30 جون 2025 بمعہ رپورٹس کمپنی کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کر دیے گئے ہیں۔

https://investors.interloop-pk.com/financial-reports/

تاہم کمپنی، سالانہ رپورٹ کی ہارڈ کاپی کسی بھی ممبر کی درخواست پر ایک ہفتے کے اندران کے رجسٹرڈ پتہ پر بغیر کسی قیمت کے فراہم کرے گی۔ یہ درخواست مخصوص رضامندی کے خط/فارم پر موصول ہوگی جو کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے۔

مزید برآں، شیئر ہولڈرز سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنا درست ای میل ایڈریس (درست سی این آئی سی کی کاپی کے ساتھ) کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-B ، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 کو فراہم کریں، اگر ممبرز فزیکل شکل میں شیئر رکھتے ہیں، یا اپنے متعلقہ شراکت کنندہ/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ساتھ یا اگر شیئر بک انٹری فارم میں ہیں۔

### 4. پراکسیز مقرر کرنے کی شرائط:

وہ تمام ممبرز جو اجلاس میں شرکت کرنے اور ووٹ دینے کے حقدار ہیں اپنی جانب سے شرکت اور ووٹ دینے کے لیے تحریری طور پر کسی دوسرے فرد کو اپنا پراکسی مقرر کر سکتے ہیں۔ پراکسی کے لیے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری ہے۔ کارپوریٹ اداروں کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/پاور آف اٹارنی مع اس شخص کے دستخط نمونہ، جسے کارپوریٹ ادارے کی طرف سے نمائندگی کرنے اور ووٹ دینے کے لیے مقرر کیا گیا ہے اور سی این آئی سی کی تصدیق شدہ کاپی، مکمل شدہ پراکسی فارم کے ساتھ کمپنی کو پیش کی جائے۔ پراکسی ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس کے وقت اپنے اصل کارآمد سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کریں۔ صحیح طریقے سے مکمل اور دستخط شدہ پراکسی فارم اجلاس کے وقت سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر میں موصول ہو جائیں۔

### سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ایس ای سی پی کی طرف سے جاری کردہ رہنما اصول:

سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کو نیچے درج رہنما اصولوں پر بھی عمل کرنا ہوگا، جیسا کہ اس ضمن میں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی طرف سے طے کیا گیا ہے:

## a) اجلاس میں شرکت کے لیے

i. انفرادی حیثیت کی صورت میں، ایسے اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز، جن کی رجسٹریشن کی تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں، وہ اجلاس میں شرکت کے وقت اپنے وہ اصل سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ دکھا کر تصدیق کریں گے۔

ii. سی ڈی سی میں رجسٹرڈ ممبرز سے بھی گزارش ہے کہ وہ اپنے کوائف، آئی ڈی نمبرز اور سی ڈی ایس میں اکاؤنٹ نمبرز ساتھ لائیں۔

iii. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ پاور آف اٹارنی مع نامزد فرد کے دستخط نمونہ پراکسی فارم کے ساتھ اجلاس کے وقت کمپنی کو پیش کیے جائیں گے (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے)۔

## b) پراکسیز تقرر کے لیے:

i. انفرادی حیثیت کی صورت میں، اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز جن کی رجسٹریشن تفصیلات ضابطوں کے مطابق اپ لوڈ ڈ ہیں، مذکورہ بالا تقاضوں کے مطابق پراکسی فارم پیش کریں گے۔

ii. اصل مالکان اور پراکسی کے کارآمد سی این آئی سی یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں، پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائیں گی۔

iii. پراکسی اجلاس کے وقت اصل کارآمد سی این آئی سی یا اصل پاسپورٹ پیش کرے گا۔

iv. کاروباری ادارے کی صورت میں، اجلاس کے موقع پر پراکسی فارم کے ہمراہ بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختار نامہ، مع نمائندے کے دستخط کے نمونے کمپنی کو پیش کرنا ہوں گے (اگر پہلے فراہم نہیں کیے گئے)۔

v. پراکسی فارم کی گواہی دو افراد دیں گے جن کے نام، پتہ، اور کارآمد سی این آئی سی نمبرز فارم پر درج ہوں گے۔

## 5. الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ:

ایکٹ کے سیکشن 242 کے مطابق تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے لازمی ہے کہ وہ اپنے شیئر ہولڈرز کو نقد منافع منقسمہ الیکٹرانک طریقے سے اہل شیئر ہولڈرز کے مقرر کردہ بینک اکاؤنٹ میں براہ راست ادا کریں منافع منقسمہ براہ راست بینک اکاؤنٹ میں وصول کرنے کے لیے شیئر ممبرز سے گزارش ہے کہ وہ الیکٹرانک کریڈٹ آف کیش ڈیویڈنڈ کے لیے ڈیویڈنڈ بینک مینڈیٹ فارم (اگر پہلے فراہم نہیں کیا گیا) پر کریں جو کمپنی کی ویب سائٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے اور صحیح طریقے سے دستخط کر کے کارآمد سی این آئی سی کی ایک کاپی کے ساتھ شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو بھیج دیں، فزیکل شیئرز کی صورت میں۔ اگر شیئرز سی ڈی سی میں ہیں تو الیکٹرانک ڈیویڈنڈ مینڈیٹ فارم لازمی طور پر شیئر ہولڈر کے بروکر/ شراکتی/ سی ڈی سی اکاؤنٹ سروسز کو پیش کیے جائیں۔

مذکورہ بالا معلومات/ فارم کی عدم وصولی کی صورت میں کمپنی شیئر ہولڈرز کو منافع منقسمہ کی ادائیگی روکنے پر مجبور ہوگی۔ ایس ای سی پی کی ہدایات کے مطابق ایسے شیئر ہولڈرز کا ڈیویڈنڈ روکا جا سکتا ہے جن کے کارآمد سی این آئی سی شیئر رجسٹرار کے پاس موجود نہیں ہیں۔ لہٰذا، فزیکل شیئر ہولڈنگ رکھنے والے تمام شیئر ہولڈرز کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ اگر وہ پہلے فراہم نہیں کر چکے تو وہ فوری طور پر اپنی کارآمد سی این آئی سی کی فوٹو کاپی کسی تاخیر کے بغیر شیئر رجسٹرار، میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کو پیش کریں۔

## 6. انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 ("انکم ٹیکس آرڈیننس") کے سیکشن 150 کے تحت منافع منقسمہ سے انکم ٹیکس کی کٹوتی:

گوشوارے جمع کروانے اور جمع نہ کروانے والوں کے لیے ود ہولڈنگ ٹیکس کی شرحیں، جیسا کہ انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 میں تجویز کیا گیا ہے، مندرجہ ذیل ہیں:

| | |
|---|---|
| انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع کروانے والوں کے لیے (فائلرز) | 15.00% |
| انکم ٹیکس کے گوشوارے جمع نہ کروانے والوں کے لیے (نان فائلرز) | 30.00% |

### جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز کی صورت میں منافع منقسمہ پر ود ہولڈنگ ٹیکس:

جن ممبرز کی فائلرز اور نان فائلرز کے پاس جوائنٹ شیئر ہولڈنگ ہے، ان کے ساتھ الگ الگ برتاؤ کیا جائے گا اور اس قسم کی مخصوص صورت حال میں ہر اکاؤنٹ ہولڈر کو فائلر یا نان فائلر باور کیا جائے گا اور اس کی شیئر ہولڈنگ کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

اگر شیئر کے بارے میں پتہ چلانا ممکن نہ ہو یہ سمجھا جائے گا کہ اس کے پاس شیئرز کا مساوی حصہ ہے اور اسی لحاظ سے کٹوتی کی جائے گی۔ لہٰذا، زیادہ شرح سے ٹیکس کی کٹوتی سے بچنے کے لیے جوائنٹ اکاؤنٹ ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ زیادہ سے زیادہ سالانہ اجلاس عام کی تاریخ تک اپنی شیئر ہولڈنگ کی مندرجہ ذیل تفصیلات کمپنی کے شیئر رجسٹرار کو فراہم کر دیں۔

| فولیو نمبر / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر | شیئرز کی کل تعداد | بڑے شیئر ہولڈر کا نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) | جوائنٹ شیئر ہولڈرز کے نام اور شناختی کارڈ نمبر | شیئر ہولڈنگ تناسب (شیئر کی تعداد) |
|---|---|---|---|---|---|

### ودہولڈنگ ٹیکس سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ

انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکشن 150 کے تحت ودہولڈنگ ٹیکس کی کٹوتی سے استثناء کے لیے کارآمد ٹیکس استثناء سرٹیفکیٹ ضروری ہے۔ جو ممبرز انکم ٹیکس آرڈیننس، 2001 کے سیکنڈ شیڈول کے پارٹ IV کی شق 47B کے تحت کوالیفائی کرتے ہیں اور استثناء حاصل کرنے کے خواہش مند ہیں، وہ کھاتے کی بندش کی تاریخ سے قبل ٹیکس سے استثناء کے اپنے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی شیئر رجسٹرار کو لازمی فراہم کریں ورنہ قابل اطلاق قوانین کے مطابق ٹیکس منہا کیا جائے گا۔

### 7. کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن 244 کے تحت غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز:

کمپنی کے غیر دعویدار منافع منقسمہ / شیئرز کی ایک اپ ڈیٹڈ فہرست کمپنی کی ویب سائیٹ www.interloop-pk.com پر دستیاب ہے۔ یہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ / شیئرز ہیں جو اس تاریخ سے جب یہ واجب اور قابل ادائیگی تھے، تین (3) سال سے غیر دعویدار اور غیر ادا شدہ چلے آ رہے ہیں۔

شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ اس امر کو یقینی بنائیں کہ غیر دعویدار ڈیویڈنڈ اور شیئرز کے لیے ان کے دعوے بروقت داخل ہوں۔ جو شیئر ہولڈرز کسی وجہ سے اپنا ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہے، دعوے نہیں کر سکے، انھیں مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ہمارے شیئر رجسٹرار میسرز سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99 ، بلاک B، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شاہراہ فیصل، کراچی-74400 سے رابطہ کریں اور اپنے غیر دعویدار ڈیویڈنڈ، اگر کوئی ہے، وصول کریں / معلومات حاصل کریں۔

اگر کوئی دعویٰ دائر نہیں کیا جائے گا تو کمپنی اسے کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)244 کے مطابق ان غیر دعویدار / غیر ادا شدہ روپے اور شیئرز کو وفاقی حکومت کے پاس جمع کرانے کی کارروائی کرے گی۔

### 8. ویڈیو کانفرنس کی سہولت کے لیے رضامندی:

کمپنیز ایکٹ، 2017 کے سیکشن (2)132 اور سیکشن (b)134 کے مطابق اگر کمپنی کو کسی جغرافیائی مقام پر رہنے والے ایسے شیئر ہولڈرز کی طرف سے اجلاس کی تاریخ سے کم از کم سات (7) دن پہلے، ویڈیو کانفرنس کے ذریعے شرکت کے لیے رضامندی کا فارم موصول ہو جن کے پاس مجموعی طور پر 10% یا اس سے زیادہ شیئر ہولڈنگ ہے تو کمپنی اس شہر میں، ویڈیو کانفرنس کی سہولت کا انتظام کرے گی بشرطیکہ اس شہر میں اس قسم کی سہولت موجود ہو۔ برائے کرم اس سہولت سے فائدہ اٹھانے کے لیے کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر کو مندرجہ ذیل معلومات فراہم کریں:

میں / ہم، ______________ جن کا تعلق ______________ سے ہے، انٹرلوپ کے ممبر ہونے کے ناتے ______________ عام شیئرز کے مالک کی حیثیت سے رجسٹرڈ فولیو / سی ڈی سی اکاؤنٹ نمبر ______________ ویڈیو کانفرنس کی سہولت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔

______________

دستخط ممبرز

## 9. زکوٰۃ سے استثناء کا حلف نامہ:

زکوٰۃ کی لازمی کٹوتی سے استثناء کے دعوے کے لیے شیئر ہولڈرز سے گزارش ہے کہ وہ مناسب قدر کے نان جوڈیشل اسٹامپ پیپر پر زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم "CZ-50" کی ایک نوٹرائزڈ کاپی شیئر ٹرانسفر بکس بند ہونے سے پہلے کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ کے پاس جمع کروائیں۔ اگر شیئرز بک انٹری فارم میں ہیں تو یہ زکوٰۃ ڈیکلریشن فارم (CZ-50) شراکتی/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز کے ذریعے شیئر ہولڈر کے سی ڈی سی اکاؤنٹ میں اپ لوڈ ہو۔

مزید برآں، غیر مسلم شیئر ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ اگر شیئرز فزیکل سرٹیفکیٹس کی شکل میں ہیں یا سی ڈی سی شراکتی/انوسٹر اکاؤنٹ سروسز میں ہیں تو وہ کمپنی کے شیئر رجسٹرار کے پاس سولن اقرار نامہ جمع کروائیں، اگر ان کے شیئر بک انٹری فارم کی شکل میں ہیں۔ اگر ہر لحاظ سے مکمل مذکورہ بالا دستاویزات فراہم نہیں کی جائیں گی تو زکوٰۃ کی کٹوتی سے کسی استثناء کی اجازت نہیں ہوگی۔ علاوہ ازیں، شیئر ہولڈرز سے یہ گزارش بھی ہے کہ وہ اپنے رجسٹرڈ پتے میں کسی تبدیلی سے فوری طور پر آگاہ کریں۔

## 10. تحائف کی ممانعت:

ایکٹ کے سیکشن 185، ایس ای سی پی کے سرکولر 2 آف 2018، مورخہ 09 فروری، 2018 اور 2025/ (S.R.O.452(I مورخہ 17 مارچ، 2025 کے ساتھ پڑھا جائے، کے مطابق کمپنیوں کو عام اجلاسوں کے سلسلے میں کسی بھی شکل میں شیئر ہولڈرز کو تحائف یا ترغیبات کی فراہمی، تحائف کے بدلے (ٹوکنز/ کوپنز/ لنچ/ ٹیک اوے/ پیکجز) کی فراہمی کی ممانعت ہے۔